13/06/2026

12.30 pm

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں **اشفاق امین**

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریند رمودی آج سے فرانس اور SLOVAKIA کے ساتھ یورپی ممالک کے چھ روزہ دورے پر روانہ ہو رہے ہیں ۔ یہ دورہ بھارت کے اشتراک کو مزید مضبوط کرنے کی ایک کڑی ہو گا ۔

پہلے مرحلے میں وہ فرانس کے صدر Emanuel Macron سے باہمی میٹنگ کریں گے۔

DRDO

وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے DRDO کو مسلسل تین کامیاب فلائٹ ٹیسٹ پر مبارکباد دی ہے ۔ ان تجربات میں طویل فاصلے تک مار کرنے والے بیلسٹک میزائلوں اور درمیانی فاصلے کے اینٹی شِپ میزائل کے خلاف ملٹی Layer دفاعی صلاحیت کا مظاہرہ کیا گیا ۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے کہا کہ ان تجربات نے بھارت کو Elite Group of Nations میں شامل کیا ہے ۔

لیفٹنٹ گورنر

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ کھیل کود کے شعبے میں سرمایہ کا ری اس شعبے کے بنیادی ڈھانچے کو مضبوط بنانے کے ساتھ ساتھ کھلاڑیوں کو بہتر موقعے فراہم کرنے میں مدد گار ثابت ہوسکتی ہے۔

انہوننے کہا کہ جمونو کشمیر کے اُبھرتے ہوئے کھلاڑی کھیلوں کے شعبے میں بہتر کار کر دگی کا مظاہرہ کر کے یوٹی کا نام روشن کر رہے ہیں۔

محمد اعجاز اسد

دیہی ترقی و پنچایتی راج کے سیکرٹری محمد اعجاز اسد نے پائیدار روزگار کے مواقعے کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے Nangali گاو

ں کے نوجوانوں کا ایک جامع ڈیٹا بیس تیار کرنے کی ہدایت دی ہۓ

صاحب اور شاہ پور Nangali وائبرنٹ ولیجزپروگرام دوئم کے تحت پونچھ ضلع کے گاو

ں کے ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت کا جائزہ لیتے ہوئے انہوں نے خواتین اور نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع بڑھانے کے ۓ لیے این آر ایل ایم، مشن یووا، حمایت، قبائلی امور، زراعت اور باغبانی جیسی اسکیموں کے درمیان ہم آہنگی پر بھی زور دیا۔

ڈپٹی کمشنر گاندربل

ڈپٹی کمشنر گاندربل جتن کشور نے ایک میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے تمام متعلقہ محکموں کو ہدایت دی ہے کہ سالانہ کھیر بھوانی میلہ 2026 کے سلسلے میں تمام ضروری سہولیات کو 18 جون سے پہلے مکمل کریں تاکہ شر دھالوں کوکسی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

اس موقعے پر انہوں نے بجلی، پینے کے صاف پانی کی بلاخلل سپلائی نیز رہائشی مقامات اور راستوں کے آس پاس بہترصفائی کو یقینی بنانے پر زور دیا ۔

بانڈی پورہ

سو روز پر مشتمل نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے تحت ضلع بانڈی پورہ کے مختلف تعلیمی اداروں میں زیر تعلیم طلبہ اور عملے نے منشیات مخالف جانکاری ریلی برآمد کی۔ ریلی میں شامل طلباءاور اساتذہ نے ہاتھوں میں بینر اور پلے کارڈ اٹھائے تھے۔

کولگام

عوام دوست حکمرانی کو بہتر بنانے کی جانب ایک اہم قدم کے طور پر، ضلع کولگام کے محکمہ مال نے مئی 2026 تک اپ ڈیٹ شدہ جمہ بندی ریکارڈ کی ڈیجیٹائزیشن کا عمل کامیابی سے مکمل کر لیا ہے۔

ڈیجیٹائزڈ جمہ بندی ریکارڈ کو ریونیو ڈیپارٹمنٹ کے آن لائن پورٹل پر اپ لوڈ کر دیا گیا ہے اور یہ عوام کی رسائی کے لیے دستیاب ہیں۔ حکام نے بتایا کہ ضلع کولگام کے لوگ اب محکمہ کے دفاتر کے چکر لگائے بغیر کہیں سے بھی اپنی زمین کے ریکارڈ دیکھ سکتے ہیں۔

ڈپٹی کمشنر کپوارہ

Bhartam کے ڈپٹی کمشنر کپوارہ شری کانت سوسے نے مشن گیان
مو

ثر نفاذ کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے تمام متعلقہ افسران کو ہدایت دی کہ وہ 16 جون 2026 سے پہلے تفویض کردہ اہداف اور غ سرگرمیوں کی بروقت تکمیل کویقینی بنائیں۔ انہوں نے مشن کی کامیاب عمل آوری کے لیے محکموں کے درمیان مربوط کوششوں پر زور دیا اور مطلوبہ نتائج کے حصول کے لیے باقاعدہ نگرانی کی ضرورت کو اجاگر کیا۔

ادھر ایک اور میٹنگ میں ضلع ترقیاتی کمشنر نے ضلعی انتظامیہ کے صحت کے شعبے کو مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے، محکمے کے ملازمین پر زور دیا کہ وہ ضلع کے لوگوں کو قابل رسائی، سستی اور معیاری صحت کی خدمات فراہم کرنے کے لیے لگن سے کام کریں۔

بورڈ

جموں و کشمیر بورڈ آف اسکول ایجوکیشن نے نوویں سے بارہویں جماعت تک کے نصاب میں مبینہ تبدیلی سے متعلق سوشل میڈیا پر گردش کرنے والی خبروں کو گمراہ کن قرار دےتے ہوئے سختی سے تردید کر دی۔

بورڈ کے ڈائریکٹر اکیڈمکس کی جانب سے جاری وضاحتی بیان میں کہا گیا ہے کہ جاری تعلیمی سیشن کے لیے نوویں سے بارہویں جماعت تک کے نصاب یا کورس آف اسٹڈی میں کسی قسم کی کوئی تبدیلی نہیں کی گئی ہے۔

بڈگام

اِدھر ضلع بڈگام میں جاری نشہ مکت ابھیان کے تحت ضلع کے الگ الگ مقامات پر مختلف محکموں کی جانب سے تقریبات کا انعقاد کیا گیا ۔

ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے تین کنال سے زیادہ اراضی پر پھیلی بھنگ کو تباہ کیا گیا Excise ضلع کے مازہامہ علاقے میں محکمہ مال اور کے باہمی اشتراک سے منشیات مخالف جانکاری پروگرام منعقد کیا گیا ۔ ICDS جبکہ ضلع کے شوگہ پورہ میں محکمہ صحت اور

دریں اثناءدودھ گنگا فاریسٹ ڈویژن پی پنجال رینج نے مہم کے تحت گرین ریلی نکال کر ”ایک پیڑ نشے کے وِرُد “ موضوع پر شجر کاری مہم منعقد کی گئی۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ

****